# الدَّرسُ الْاَوَّلُ -1

## اِصْطَلاَحَات

- اس کی اصل ص ل ح ہے۔
- درست کرنا۔ کسی خاص قوم یا جماعت کا کسی لفظ یا کلمہ کے معنٰی پر اتفاق کرنا جو اصل معنٰی کے علاوہ ہو۔
- اس کا واحد "اصطلاح" ہے۔

### I. حروف تہجّی ( The Arabic Alphabets)

1. حرف کا مادہ/اصل (Root) ح ر ف

معنٰی: کنارا، دھار، سرا، پھیر دینا، جھکا دینا۔ حَرْفُ الشَّیْءُ کسی چیز کا کنارا، پہاڑ، کشتی، اور تلوار کا کنارا۔

حَرْف کی جمع حُرُوف، حِرَف اور اَحْرُوف ہے۔

2. تہجّی کا مادہ ھ ج و ، لفظ کے حروف کا جوڑ کرنا، حروف ہجے کرنا، پڑھنا، بچے کو کتاب پڑھانا۔

3. عربی زبان میں حروف تہجّی کی تعداد 28 ہے۔ جنکی تفصیل یہ ہے۔

1) ا، اَلِفٌ　2) ب ، بَاءٌ　3) ت، تَاءٌ　4) ث، ثَاءٌ

5) ج ، جِيْمٌ　6) ح ، حَاءٌ　7) خ ، خَاءٌ　8) د ، دَالٌ

9) ذ ، ذَالٌ　10) ر ، رَاءٌ　11) ز ، زَاءٌ　12) س ، سِيْنٌ

DARULIMAAN INSTITUTE

13) ش ، شِيْنٌ   14) ص ، صَادٌ   15) ض ، ضَادٌ

16) ط ، طَاءٌ   17 ) ظ، ظَاءٌ   18) ع ، عَيْنٌ

19) غ ، غَيْنٌ   20) ف ، فَاءٌ   21) ق ، قَافٌ

22) ك ، كَافٌ   23) ل ، لَامٌ   24) م ، مِيْمٌ

25) ن ، نُوْنٌ   26) و ، وَاوٌ   27) ھ ، ھَا ءٌ

28) ء، هَمْزَةٌ   29) ی، یَاءٌ

4. لیکن بعض علماء کے نزدیک **حروف تہجّی** کی تعداد 29 ہے۔ وہ الف "ا" اور ہمزہ "ء" دونوں کو الگ الگ حروف سمجھتے ہیں۔

5. الف "ا" پر کوئی علامت نہیں ہوتی ہمیشہ خالی ہوتا ہے جب اس پر کوئی حرکت آجائے ھمزہ "ء" بن جاتا ہے۔

## II. لکھنے میں اقسام حروف:

1. چھ **حروف عَنِیدَہ**۔ ضدی حروف۔ بعض حروف جو کسی لفظ کے شروع میں آتے ہیں تو اِن حروف کے بعد آنے والا حرف ان سے فاصلے پر لکھا جاتا ہے

جنکی تعداد 6 ہے۔   **ا ۔ د ۔ ذ ۔ ر ۔ ز ۔ و**

ان حروف کے بعد آنے والا حرف انکے ساتھ ملا کر لکھنے کے بجائے فاصلے پر لکھا جاتا ہے۔ مثلاً

**اِثْمٌ ، دُبُرٌ ، ذِئْبٌ ، رَبٌّ ، زَوْجٌ ، وَرَقٌ**

DARULIMAAN INSTITUTE

- یہ حروف " مُنْفَصِلَہ " کہلاتے ہیں۔ مُنْفَصِلَہ کا مادہ۔ ف ص ل

معنی۔ دور، فاصلہ، الگ، جدائی

2. ان 6 حروف کے علاوہ باقی سب حروف، کسی لفظ میں اپنے سے پہلے اور بعد والے حصے سے مل کر استعمال ہو سکتے ہیں۔

- ان کو حروف " مُتَّصِلَہ " کہتے ہیں۔ مادہ - و ص ل ، ملاپ، جڑا ہوا

### III. حرف "ت"

حرف " ت " کا استعمال تین شکلوں میں ہوتا ہے۔

1. "ـة" تائے مربوطة ملی ہوئی، جڑی ہوئی، یہ کسی لفظ کے آخر میں ساتھ مل کر آتی ہے۔

جیسے: جَنَّةٌ - عَالِمَةٌ

2. " ة "گول تاء"تاء مُدَوَّرَةٌ - دور، گول ہونا، دائرہ

جیسے شَجَّرَةٌ - وَالِدَةٌ

" ـة" اور "ة" ۔ "ـه اور " ه" پڑھی جاتی ہے۔

3. "ت" تائے طویلة" طول، لمبائی " ت " یہ معمول کی شکل ہے۔

DARULIMAAN INSTITUTE

جیسے بِنْتٌ، اُخْتٌ

## IV. ادائیگی کے اعتبار سے اقسام حروف:

لام تعریف "ال" کے لام "ل" کو ادا کرنے کے لیے تمام حروف تہجی کو دو حصوں میں ترتیب دیا گیا ہے۔

1. بعض الفاظ کے شروع میں لام تعریف "ال" کا لام "ل" کی آواز ادا نہیں کی جاتی۔

جیسے: اَلشَّمْسُ

یہاں "ش" حروف شمشی ہے۔اس سے پہلے آنے والا لام "ل" لکھا تو جاتا ہے پڑھا نہیں جاتا۔ان حروف کو "حروفِ شمشی " (Solar Letters) کہتے ہیں۔ان کی تعداد 14 ھے۔

2. بعض الفاظ کے شروع میں لام تعریف "ال" کا لام "ل" کی آواز ادا کی جاتی ہے۔

جیسے : اَلْقَمَرُ

ان حروف کو "حروفِ قمری" (Lunar Letters) کہتے ھیں۔ان کی تعداد بھی 14 ھے۔

## V. "حروف عِلَّت" (The defective Letters)

DAR UL IMAAN INSTITUTE

DARULIMAAN INSTITUTE

مادہ۔ع ل ل۔ بیمار ہونا، سبب، مختلف حالات قبول کرنا۔

کچھ کے نزدیک ان کی تعداد دو ہے و۔ی اور کچھ کے نزدیک تین ا۔و۔ی انکو "حروف علّت " کہتے ہیں۔ جبکہ الف "ا" ان دونوں کا معاون یا متبادل ہے۔ یہ دوسرے حرفوں سے تبدیل ہو جاتے ہیں یا ان سے اثر پذیر ہو کر گر جاتے ہیں۔

## VI"حروفِ صحیح" (The Sound Letters)

حروف عِلّت کے علاوہ باقی 25 حروف کو "حروفِ صحیح" کہا جاتا ہے۔

## VII. "حروفِ مدَّہ" (The Lengthening Letters )

م د د کے معنیٰ ہیں۔ کھینچنا، لمبا کرنا

الف " ا "واؤ ُ "و" اور یا ِ " ي" حروف مدّہ کہلاتے ہیں۔

جیسے: قَالَ میں "ا" فِيْهِ میں "ي" رَسُوْلُ میں "و" اور

نُوْحِيْهَا (ھود: 49)

ان کی حرکات طویل ہوتی ہیں۔

حروف مدّہ کو مدِ اصلی بھی کہتے ہیں۔ حروفِ علّت ہی حروفِ مدّہ ہیں۔

DARULIMAAN INSTITUTE